# ماڈل پیپر "مبادیات فلسفہ"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ۔ I

### حصہ معروضی

وقت: 30 منٹ　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر: 20

تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) یونانی لفظ "Sophia" کے معنی کیا ہیں؟
(الف) شک　(ب) حیرت　(ج) محبت　(د) حکمت

(ii) کس نے فلسفے کو ام العلوم کہا؟
(الف) کامتے　(ب) ڈبلیو۔ٹی۔سٹیس　(ج) ہربرٹ سپنسر　(د) سقراط

(iii) کس نظریے کے مطابق کائنات کی ابتداء صرف ایک جوہر سے ہوئی؟
(الف) احدیت　(ب) ثنویت　(ج) کثرتیت　(د) جوہریت

(iv) کس کے نزدیک مذہب موت کے تصور سے پیدا ہوتا ہے؟
(الف) برگساں　(ب) ہافڈنگ　(ج) ولیم جیمز　(د) شوپنہار

(v) علامہ اقبال کے نزدیک مذہبی شعور کی تیسری سطح کون سی ہے؟
(الف) اعتقاد　(ب) اخلاق　(ج) تفکر　(د) معرفت

(vi) نظریہ اضافیت کس کا نظریہ ہے؟
(الف) میکس پلانک　(ب) آئن سٹائن　(ج) نیوٹن　(د) کوپر نیکس

(vii) "فلسفیانہ تجزیہ کا تعارف" کس کی تصنیف ہے؟
(الف) جان لاک　(ب) جان ہاسپر　(ج) وڈز ورتھ　(د) لائبنز

(viii) "میں سوچتا ہوں، اس لئے میں ہوں"۔ یہ کس فلسفی کا مشہور مقولہ ہے؟
(الف) کانٹ　(ب) ڈیکارٹ　(ج) اسپائی نوزا　(د) ہیگل

(ix) کس یونانی فلسفی کے نزدیک کائنات کی ابتداء پانی سے ہوئی؟
(الف) تھیلیز　(ب) ڈیموقریطس　(ج) ایمپڈوکلز　(د) افلاطون

(x) فلسفہ جدید اور پس جدیدیت میں کن مسائل کا بڑا چرچا ہے؟
(الف) سائنسی　(ب) مثالی　(ج) لسانی　(د) معاشی

(xi) کیا عقیدہ بھی ذیلی ماخذ ذریعہ علم ہے؟
(الف) حسی تجربہ کا　(ب) عقل کا　(ج) استناد کا　(د) وجدان کا

(xii) "تاریخ اخلاقیات" کس کی تصنیف ہے؟
(الف) جان ڈیوی　(ب) راجرس　(ج) لِلّی　(د) گرین

(xiii) مسلمانوں کی فکری تحریک معتزلہ کا بانی کون تھا؟

(الف)ابوالحسن الاشعری (ب)واصل بن عطا (ج) الکندی (د) امام غزالی

(xiv) حقوق العباد میں کس کے حقوق سب سے پہلے ہیں؟

(الف)والدین کے (ب) ہمسایوں کے (ج) رشتہ داروں کے (د) دوستوں کے

(xv) ابن مسکویہ کی تصنیف کون سی ہے؟

(الف)احیاء العلوم الدین (ب) تہذیب الاخلاق (ج) ریاست (د)انسانی علم کے اصول

(xvi) تصور کو الفاظ کی زبان میں بیان کیا جائے تو اسے منطقی اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟

(الف)حد (ب)قضیہ (ج) جواز (د) استدلال

(xvii) ان میں سے کون سا علم طبعی نہیں ہے؟

(الف)نفسیات (ب) جمالیات (ج) طبیعات (د) حیاتیات

(xviii) کون عقل فعال کی مدد سے پیغامات وصول کرتا ہے؟

(الف)فلسفی (ب)صوفی (ج)نبی (د)سائنسدان

(xix) "Meta" کے لفظی معنی کیا ہیں؟

(الف) بعد (ب)پہلے (ج)درمیان (د)عین

(xx) میانہ روی کا تعلق کس کے ساتھ ہے؟

(الف)عدل (ب)رواداری (ج)اخوت (د)مساوات

# ماڈل پیپر "مبادیات فلسفہ"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ۔I

### حصہ انشائی

وقت: 2-30 گھنٹے      کل نمبر: 80

نوٹ۔ سوال نمبر 1، 2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے 25 (پچیس) مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر ضرور تحریر کریں۔

## حصہ اول

25x2=50

**سوال نمبر 1۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) فلسفہ کے دائرہ کار میں کون سے بنیادی موضوعات آتے ہیں؟ ان کے صرف نام لکھیے۔

(ii) کس کا کہنا تھا کہ انسان ہر شے کا پیمانہ ہے؟

(iii) منطق استخراجیہ اور منطق استقرائیہ کے کوئی سے دو فرق لکھیے۔

(iv) فلسفیانہ نہج سے کیا مراد ہے؟

(v) مذہب اور اخلاق کے درمیان کوئی سی دو مشترک قدریں بتائیے؟

(vi) کس کے خیال میں مذہب عالمگیر وفا شعاری کا نام ہے؟

(vii) سائنس اور فلسفہ کے مابین کوئی سے دو فرق بیان کیجئے۔

(viii) التباس کسے کہتے ہیں؟

(ix) یقین کے تین درجے کون سے ہیں؟ ان کے نام بتائیے۔

**سوال نمبر 2۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) موناڈز کا نظریہ کس فلسفی سے مخصوص ہے؟

(ii) موضوعی تصوریت سے کیا مراد ہے؟

(iii) کس یونانی مفکر کو مکتبہ فکر 'مادیت' کا بانی قرار دیا جاتا ہے؟

(iv) افلاطون کے بیان کردہ امہات فضائل کون سے ہیں؟

(v) احدیت کی تین صورتیں کون سی ہیں؟ ان کے نام بتائیے۔

(vi) افادیت حاصل کرنے کے کوئی سے دو طریقے بتائیے۔

(vii) کانٹ کے نزدیک اخلاقی قوانین کی دو اہم اقسام کون سی ہیں؟

(viii) انسائیکلوپیڈیا برٹینیکا میں 'ارادہ طیبہ' کا مفہوم کن معنوں میں استعمال ہوا ہے؟

(ix) مسلمانوں پر جو فرائض عائد ہوتے ہیں ان میں سے کچھ کی نشاندہی کیجئے۔

سوال نمبر 3۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) قرآن مجید میں نفس انسانی کی جن تین قوتوں کا ذکر آیا ہے، ان کے محض نام تحریر کیجئے۔
(ii) اسلام میں عقیدہ توحید سے کیا مراد ہے؟
(iii) امام غزالی کے ہاں علم کی دو بڑی اقسام کون سی ہیں؟
(iv) چینی فلسفہ تاؤازم کا کون سا فلسفی فطرت کو ازل و ابد اور نشو ونما کو زوال پذیر سمجھتا ہے؟
(v) کس نے دعوی، رد دعوی اور ترکیب کی مثلث بیان کی تھی؟
(vi) دور ازمنہ وسطی کے چند ایک معروف مسلمان فلسفیوں کے نام لکھیے۔
(vii) نیوٹن کی اس شہرہ آفاق تصنیف کا نام بتایئے جس میں اس نے قوانین حرکت پیش کئے؟
(viii) آکسفورڈ ڈکشنری میں 'وجدان' کی کیا تعریف لکھی ہے؟
(ix) سنہری وسط کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 4۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) تجربیت سے کیا مراد ہے؟
(ii) سائنس کی تعریف بیان کیجئے۔
(iii) بنیادی ماخذ علم کون سے ہیں؟ ان کے نام بتایئے۔
(iv) "حقوق اللہ" اور "حقوق العباد" میں کیا فرق ہے؟
(v) لفظ "معاشرہ" کا لغوی مطلب کیا ہے؟
(vi) استحکام آدمیت کے لئے کن پر ایمان لانا لازمی ہے؟
(vii) کس نے کہا تھا کہ "علم صحیح عقائد کی تصدیق ہے"؟
(viii) کون سا مکتبہ فکر وہبی خیالات کا قائل ہے؟
(ix) تصوریت کے حوالے سے جان لاک اور برکلے دونوں کے نقطہ نظر میں کیا فرق ہے؟
(x) حکمت سے کیا مراد ہے؟

## حصہ دوم

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف تین کے جوابات تحریر کریں۔ 10x3 = 30

سوال نمبر 5۔ فلسفہ کی اہمیت بیان کیجئے۔ 10

سوال نمبر 6۔ فلسفہ اور مذہب کا آپس میں فرق بیان کیجئے۔ 10

سوال نمبر 7۔ سائنس کی ترویج و ترقی میں فلسفے کا کیا کردار ہے؟ 10

سوال نمبر 8۔ اسلامی نظریہ اخلاق سے کیا مراد ہے؟ 10

سوال نمبر 9۔ اسلام کی فکری اساس بیان کیجئے۔ 10